## فقہ القرآن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُّذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰی فِیْ خَرَابِهَا ط اُولٰٓئِکَ مَا کَانَ لَهُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ ط لَهُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ o

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون، جو اللہ کی مسجدوں کو روکے، ان میں نامِ خدا لئے جانے سے، اور ان کی ویرانی میں کوشش کرے، ان کو حق نہ پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب۔ (سورہ بقرہ: آیت ۱۱۴)

## مسائل شرعیہ:

(۱) ہر قطعہ زمین جس میں سجدہ کیا جا سکے لغوی طور پر مسجد کہلاتا ہے۔ اصطلاح شرع میں زمین کا وہ ٹکڑا جسے نماز اور عبادت کے لئے مسلمان وقف کر دیں مسجد کہلاتا ہے۔
(احکام القرآن از ابوبکر محمد بن عبداللہ ابن العربی، جامع احکام القرآن از قرطبی)

(۲) مسجد بن جانے سے وہ قطعہ اراضی مالک کی ملک سے خارج ہو جاتا ہے، اس میں عبادت ہر مسلمان کے لئے جائز ہے۔ (جامع احکام القرآن از قرطبی، احکام القرآن از ابن العربی)

(۳) مسجد اور توابع مسجد کی خرید و فروخت، ہبہ، اجارہ، عاریۃً دینا، رہن کرنا اور دیگر تصرفات جائز نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم)

(۴) صحن مسجد، جزو مسجد ہے اس کے لئے تمام احکام مسجد ثابت ہیں۔
(التبصیر المنجد بان صحن المسجد از امام احمد رضا محدث بریلوی)

(۵) مسجد کی ویرانی بہت بڑا گناہ ہے جبکہ مسجد کی تعمیر اور اس کی آبادی بڑے ثواب اور اجر والے کاموں سے ہے۔ (احکام القرآن از ابن العربی، جامع احکام القرآن از قرطبی)

(۶) ہر شہر میں ایک مسجد بنانا واجب ہے اور ہر محلّہ میں ایک مسجد بنانے کا حکم ہے، مساجد ستھری

☆ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ ولادت ۸۰ ہجری اور سن وفات ۱۵۰ ہجری ہے ☆

رکھی جائیں اوران کی آبادی میں کوشش کی جائے۔ (فتاویٰ رضویہ، جلد سوم)

(۷) مسجد کا قطعہ اراضی (جو ایک بار مسجد کے لئے وقف ہوگیا) قیامت تک مسجد رہے گا، چونکہ اس پر عمارت، مینار، منبر، دیوار، چھت اور فرش وغیرہ نہ بنے ہوں۔

(۸) مسجد کی ویرانی کا باعث بننے والے امور سے مسجد کو پاک رکھنا لازمی ہے، مثلاً مسجد کا انہدام، نماز کے وقت مسجد کا بند کر دینا، موجودہ مسجد کو ویران کرنے کی نیت سے اس کے قریب دوسری مسجد تعمیر کرنا، جاہل سخت مزاج امام مقرر کرنا، بدبودار اشیاء، کچا لہسن، پیاز، تمباکو، اسپرٹ وغیرہ لے جانا۔ (تفسیرات احمدیہ، احکام القرآن ازجصاص، جامع احکام القرآن از قرطبی)

(۹) ظالمین کا مسجد میں داخلہ ممنوع ہے، جو شخص موذی ہو نمازیوں کو تکلیف دیتا ہو، بہکاتا ہو، اپنے ناپاک مذہب کی طرف بلاتا ہو، جس کے بدن پر بدبو ہو، گندا دہن، گندہ بغل، خارش کے باعث گندھک وغیرہ ملی ہو، اسے مسجد میں آنے سے روک دیا جائے۔

(تفسیرات احمدیہ، عینی شرح بخاری، درمختار، فتاویٰ رضویہ)

(۱۰) آیت کا نزول اگرچہ ایک خاص واقعہ سے متعلق ہے مگر اس کا حکم عام ہے، تمام مساجد کی آبادی فرض ہے اوران کی ویرانی گناہ کبیرہ ہے۔

(تفسیرات احمدیہ، تفسیر بیضاوی، تفسیر خازن، احکام القرآن ازجصاص)

(۱۱) ایک نبی کا انکار تمام انبیاء کا انکار ہے، ایک مسجد کی ویرانی تمام مساجد کی ویرانی ہے، اس لئے آیت میں اللہ تعالیٰ نے ''مساجد'' جمع کا صیغہ ارشاد فرمایا۔

(۱۲) مسجد کی تعمیر اور آبادی اعلیٰ درجے کے ثواب کے کام ہیں، مسجد کی آبادی میں کئی امور داخل ہیں مثلاً عمارت بنانا، اسے صاف ستھرا رکھنا، اس میں نماز پڑھنا، نماز باجماعت کا اہتمام کرنا، صف، چٹائی، دری وغیرہ عمدہ فرش بچھانا، روشنی کا اہتمام کرنا، امام، مدرس، موذن وغیرہ مقرر کرنا، درس وتدریس، وعظ ونصیحت کی محافل قائم کرنا، خطبہ، تسبیح وتہلیل، درود شریف، نعت خوانی، حلقہ ذکر وفکر وغیرہ امورِ حسنہ کا قائم کرنا۔ (تفسیر عزیزی)

(۱۳) مسجد کی عمارت کو اپنے مکانات سے عمدہ بنانا چاہئے۔ سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی کو عمدہ طور سے بنایا۔ (جامع احکام القرآن از قرطبی)

(۱۴) عبادت میں ثواب کے اعتبار سے مساجد کے درجات ہیں، سب سے افضل مسجد مسجدِ حرام

ہے، پھر مسجد نبوی، پھر بیت المقدس، پھر مسجد قبا، پھر ہر شہر کی سب سے پرانی مسجد، پھر بڑی مسجد، پھر قریب والی مسجد، پھر استاد کی مسجد، پھر محلہ والی مسجد، پھر بازار کی مسجد، پھر گھروں کی مساجد۔ (ردالمحتار، تفسیر روح البیان)

(۱۵) مسجد کی خدمت، صفائی کرنا، جھاڑو دینا، حوران بہشتی کا مہر ہے۔ (تفسیر عزیزی)

(۱۶) ذِمّی کافر اور مستامن کا مسجد میں داخل ہونا جائز ہے بشرطیکہ خشیت اور خشوع سے داخل ہوں، اعزاز و اکرام کے ساتھ ان کو مسجدوں میں داخل کرنا جائز نہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے ثقیف قبیلہ کے وفد کو (کفر کی حالت کے باوجود) مسجد نبوی میں ٹھہرایا، اسی طرح فتح مکہ کے روز فرمایا: جو کعبہ میں داخل ہوگا امان پائے گا، مسجد نبوی اور کعبہ میں کافروں کا داخلہ خشیت اور مغلوبی کفر کی حالت میں تھا۔

(احکام القرآن از ابوبکر جصاص، المحجة المؤتمنه از امام احمد رضا محدث بریلوی)

(تحقیق وتشریح: علامہ محمد جلال الدین قادری)


دینی ورفاہی خدمات میں پیش پیش

**انجمن قمرالاسلام سلیمانیہ کراچی** (پاکستان)

اندرون و بیرونِ ملک تحفیظ القرآن، تجوید القرآن اور تفہیم القرآن کے مراکز ☆ عظیم الشان دار العلوم قمرالاسلام وجامعہ سلیمانیہ ☆ پرائمری وسیکنڈری اسکولز ☆ جدید طبّی سہولتوں سے آراستہ **قمرالاسلام ہاسپیٹل** ☆ **مفت طبی کیمپس** ☆ کمپیوٹر سنٹرز ☆ ماہنامہ کاروانِ قمر کے نام سے علمی مجلہ ☆

☆ قمرالاسلام گریجویٹس ایسوسی ایشن ☆

درود شریف کی خوبصورت کتاب جمال وکمال درود شریف مفت حاصل کیجئے

☆ سو کے قریب درود شریف کے مختلف صیغے ☆ صفحات ۲۱۶ ☆ گلیز کاغذ ☆ عمدہ طباعت ☆ نفیس ٹائیٹل ☆ ایک صاحبِ دل روحانی شخصیت کی زیر سرپرستی اشاعت ☆

ملنے کا پتہ: حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ ۶۸۔۶۷ لورینز ہاؤسنگ سوسائٹی بلاک ۸/۷ کراچی

# قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ
مِنْ لِسَانِہٖ وَیَدِہٖ

مسلمان وہ ہے
جس کی زبان اور ہاتھ سے
مسلمان محفوظ رہیں

New Tech Bearings Faisalabad
Abco Technical Multan

In Maputu Mozambiq
our Correspondant is :
Maulana Muhammad Aslam
*************************
Maputo Mozambiq